فوری ریلیز کے لیے: 23/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا نیو یارک کے شہریوں کی خدمت کی خاطر، اہم عہدے پُر کرنے کے لیے عوامی افرادی قوت بھرتی پروگرام جاری رکھنے کا اعلان

NY HELPS کی جون 2028 تک توسیع سے عوام کے لیے دستیاب اہم اسامیوں پر بھرتی کا عمل آسان ہو گا

پروگرام کے ذریعے ریاستی ایجنسیوں اور مقامی حکومتوں میں 60,000 سے زیادہ تقرریاں کی گئی ہیں، جس سے عوام کو خدمات اور وسائل فراہم کرنے میں مدد ملی ہے

محکمہ برائے سول سروس میرٹ سسٹم کو جدید بنا رہا ہے تاکہ نئے اور موجودہ سرکاری ملازمین کے لیے رکاوٹیں کم کی جا سکیں، اور گورنر کا عوامی افرادی قوت کی حمایت کا عزم پورا کیا جا سکے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج نیو یارک میں ہنگامی نوعیت کی محدود تعیناتی کے لیے ریاست گیر بھرتی (New York Hiring for Emergency Limited Placement Statewide, NY HELPS) میں توسیع کا اعلان کیا ہے جو خدمت عامہ میں بھرتی کا ایک پروگرام ہے، اور جس کے ذریعے ریاست نیو یارک اور بلدیاتی سرکاری ایجنسیوں کی اس صلاحیت میں تیزی آئی ہے کہ وہ عوام کے لیے دستیاب خالی اسامیوں پر باصلاحیت ملازمین کی تقرری اور بھرتی کر سکیں۔ NY HELPS، جس میں ریاست نیو یارک کے سول سروس کمیشن کی جانب سے 30 جون 2028 تک توسیع کی جا چکی ہے، عوام کے لیے دستیاب بہت سی سرکاری ملازمتوں کے لیے امتحانات کی شرط کو عارضی طور پر معطل کرتا ہے، جس سے ملازمت کے متلاشی افراد کے لیے عوامی سیکٹر میں ملازمت کی تلاش ہمیشہ سے کہیں زیادہ آسان ہو چکی ہے۔ NY HELPS کی توسیع گورنر Hochul (ہوکل) کے اس تاریخی عزم کو آگے بڑھاتی ہے کہ امپائر اسٹیٹ کی عوامی افرادی قوت کی تعمیرِنو کی جائے اور اسے مضبوط بنایا جائے، یہ وہی عزم ہے جس میں 12 نئے کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹنگ (Computer-Based Testing, CBT) سینٹرز میں سے پہلے مرکز کے آغاز کا حالیہ اعلان شامل ہے، تاکہ موجودہ ریاستی ملازمین کے لیے سول سروس میں ترقی کے امتحانات تک رسائی اور سہولت بڑھائی جا سکے۔

"ہمارے عوامی ملازمین بے مثال ہیں، اور میرے دورِ انتظام کے دوران، ہم نے مل کر ریاستی اور مقامی افرادی قوت کو دوبارہ تعمیر کرنے میں بڑی پیش رفت کی ہے، لیکن ہمارا کام ابھی ختم نہیں ہوا،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "NY HELPS کو توسیع دے کر اور ملازمین کے لیے موجود ممکنہ رکاوٹوں کو مسلسل ختم کرتے ہوئے، ہم نیو یارک کے مزید شہریوں کو عوامی شعبے کے فائدہ مند کریئرز میں لا سکتے ہیں، موجودہ ملازمین کے لیے آگے بڑھنے کے مواقع بڑھا سکتے ہیں، اور اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہم ہر کمیونٹی کی ضروریات پوری کر رہے ہیں جبکہ وہ اعلیٰ معیار کی خدمات اور وسائل بھی فراہم کر رہے ہیں کہ جن کے وہ حق دار ہیں۔"

محکمہ برائے سول سروس (Department of Civil Service) کے کمشنر اور سول سروس کمیشن کے صدر Timothy R. Hogues (ٹموتھی آر ہوگز) نے کہا، "بہت سے لوگوں کے لیے خدمت عامہ ایک مقصد کا نام ہے، لیکن بھرتی اور ترقی کے طویل عمل کا مطلب یہ تھا کہ نیو یارک کے شہری چند بہترین اور ذہین ترین امیدواروں سے محروم ہو رہے تھے، جو آ کر ان کی خدمت اور مدد کر سکتے تھے۔ NY HELPS کی توسیع، موجودہ ریاستی ملازمین کے لیے ترقی کے امتحانات تک زیادہ رسائی، اور محکمہ برائے سول سروس میں جاری جدید کاری جیسے کاموں کے ذریعے، جو تمام کے تمام گورنر ہوکل (Hochul) کی قیادت میں ہو رہے ہیں، ہم ملازمت کے متلاشی

افراد اور ریاستی ملازمین سے وہاں رابطہ کر رہے ہیں جہاں وہ موجود ہیں، جس کے بدلے میں پوری ریاست میں نیو یارک کے شہریوں کو فائدہ پہنچے گا۔"

NY HELPS کے ذریعے، ملازمت کے متلاشی افراد ایسی اسامیوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جو عام عوام کے لیے کھلی ہیں اور جن کے لیے کم از کم اہلیتی معیار پر وہ پورے اترتے ہیں اور ملازمت کی دیگر شرائط پوری کرتے ہیں۔

2023 میں اصل HELP پروگرام کے آغاز کے بعد، جسے 2024 میں توسیع دے کر NY HELPS کا نام دیا گیا تھا، ریاستی اور مقامی سرکاری اسامیوں، دونوں پر 60,000 سے زیادہ تقرریاں کی جا چکی ہیں۔ NY HELPS خاص طور پر براہِ راست نگہداشت اور صحت اور انسانی خدمات کی اہم اسامیوں کے لیے مؤثر رہا ہے، جن میں ڈائریکٹ سپورٹ اسسٹنٹ، رجسٹرڈ نرسز اور مینٹل ہیلتھ تھیراپی ایڈ شامل ہیں۔ ریاستی اور مقامی دونوں سطحوں پر HELPS کی تقرریوں کے تفصیلی اعداد و شمار کے لیے، براہِ کرم https://www.cs.ny.gov/help ملاحظہ کریں۔

ریاست نیو یارک کے تین رکنی سول سروس کمیشن نے 13 مئی کو اپنے معمول کے اجلاس میں NY HELPS کی توسیع کو متفقہ طور پر ریاست نیو یارک کی ایجنسیوں کے لیے منظور کیا تھا، ساتھ ہی یہ منظوری ان مقامی ایجنسیوں کے لیے بھی دی گئی جو اس پروگرام میں شامل ہونے کا انتخاب کرتی ہیں۔

NY HELPS کی توسیع اس جامع کوشش کا حصہ ہے جو محکمہ برائے سول سروس کی جانب سے ریاست نیو یارک میں سول سروس میرٹ سسٹم کو جدید بنانے کے لیے کی جا رہی ہے تاکہ ملازمت کے متلاشی افراد تک بہتر انداز میں وہاں پہنچا جا سکے جہاں وہ موجود ہیں۔ محکمے میں تبدیلی لانے کے عمل میں، عوام کے لیے دستیاب ملازمتوں میں دلچسپی رکھنے والے امیدواروں کے میرٹ اور اہلیت کا جائزہ لینے کی خاطر ایک صارف دوست، مکمل طور پر قابلِ رسائی، اور جدید طریقے کی تیاری، جبکہ ساتھ ہی ایسی افرادی قوت کی تیاری بھی شامل ہے کہ جو ریاست نیو یارک کے تمام رہائشیوں کے تنوع اور صلاحیت کی عکاسی کرے۔ NY HELPS کی یہ توسیع محکمے کو یہ موقع دے گی کہ وہ عوام کے لیے دستیاب ملازمتوں میں بھرتی کے لیے درخواست گزاروں کے انتظام کا نیا نظام نافذ کر سکے، جو اہل ترین امیدواروں کو کھلی اسامیوں پر جلد اور منصفانہ انداز میں لانے کے لیے بھرتی کے عمل کو مضبوط اور تیز کرے گا۔

جہاں NY HELPS ریاستی اور مقامی ایجنسیوں اور ملازمت کے متلاشی افراد کو بھرتی میں تیز عمل کی سہولت دیتا ہے، وہیں محکمہ برائے سول سروس موجودہ ریاستی ملازمین کے لیے اپنے کریئرز میں آگے بڑھنے کے مواقع میں بھی اضافہ کر رہا ہے۔

مئی میں، محکمے نے کوہوز، البنی کاؤنٹی میں ایک نئے کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹنگ سینٹر کے کھلنے کا اعلان کیا تھا، جو 2027 کے آخر تک کھلنے والے 12 مراکز میں سے پہلا مرکز ہے۔ یہ سینٹرز، جو امپائر اسٹیٹ کے ہر خطے میں قائم ہوں گے، ریاستی ملازمین کو اپنے کریئرز کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں ترقی کے امتحانات تک جدید اور آسان رسائی فراہم کریں گے۔

ریاست بھر میں CBT سینٹرز کے کھلنے کے ساتھ، سول سروس کے ترقی کے امتحانات زیادہ کثرت سے منعقد کیے جائیں گے تاکہ امیدواروں کو کریئر میں آگے بڑھنے کے زیادہ مواقع مل سکیں، اور امتحانی اسکور زیادہ تیزی سے جاری کیے جائیں گے، جبکہ دلچسپی رکھنے والے امیدوار اپنے امتحانات خود شیڈول بھی کر سکیں گے۔

ریاستی سینیٹر Robert Jackson (رابرٹ جیکسن) نے کہا، "حکومت اسی قدر مضبوط ہوتی ہے جس قدر وہ عوام کی خدمت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہر خالی اسامی ایک ایسی ضرورت کی نمائندگی کرتی ہے جسے پورا کیا جانا باقی ہو، ایک ایسا خاندان جو مدد کا انتظار کر رہا ہو، ایک ایسی کمیونٹی جو خدمات کی منتظر ہو۔ NY HELPS کو توسیع دے کر، ہم خدمت عامہ کے مزید دروازے کھول رہے ہیں، جبکہ اس افرادی قوت کو مضبوط بنا رہے ہیں جس پر نیو یارک کے شہری ہر روز انحصار کرتے ہیں۔ یہ محض ملازمتیں پُر کرنے کا معاملہ نہیں ہے؛ یہ

اس وعدے کی تجدید کا معاملہ ہے کہ حکومت لوگوں کی زندگیوں میں اس وقت قابلِ رسائی، ردعمل دینے والی اور موجود ہو سکتی ہے جب انہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہو۔"

سول سروس امپلائیز ایسوسی ایشن (Civil Service Employees Association, CSEA) کی صدر Mary E. Sullivan (میری ای سولیوان) نے کہا، "NY HELPS پروگرام کی توسیع عوامی آجروں کو وہ سہولتیں دے گی جو انہیں اہم خالی اسامیوں کو بروقت پُر کرنے کے لیے اور ایسی خدمات برقرار رکھنے کے لیے مطلوب ہیں کہ جن پر نیو یارک کے شہری انحصار کرتے ہیں۔ اس پروگرام کی توسیع، ریاست کی جانب سے 21ویں صدی کے لیے سول سروس سسٹم کو جدید بنانے اور مستقبل کے لیے ایک مضبوط افرادی قوت قائم کرنے کی کوششیں جاری رکھنے کے دوران ایک معقول عبوری قدم ہے۔ CSEA افرادی قوت کے ان چیلنجز سے نمٹنے کے سلسلے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے قیادت کو سراہتی ہے۔"

عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کی عوامی افرادی قوت کو مضبوط بنانے کے لیے کئی اقدامات نافذ کیے ہیں۔ فروری 2025 میں، گورنر Hochul (ہوکل) نے وفاقی سرکاری شعبے کے باصلاحیت بے دخل شدہ ملازمین کو ریاستی ملازمت پر بھرتی کرنے کے لیے "آپ کو ملازمت دی جاتی ہے (You're Hired)" کاوش کا آغاز کیا تھا۔ 2023 میں، گورنر Hochul (ہوکل) نے ریاستی تاریخ میں پہلی بار پوری ریاستی افرادی قوت کے لیے بچے کی پیدائش کے لیے 12 ہفتوں کی مکمل بامعاوضہ رخصت میں توسیع کی تھی۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے اکتوبر 2025 میں یہ اعلان بھی کیا تھا کہ محکمہ برائے سول سروس نے تقریباً 800 ابتدائی سطح اور ترقی کی سطح کے سول سروس کے عہدوں کے لیے اہلیتوں کو اپ ڈیٹ کیا ہے، تاکہ ملازمت کے متلاشی افراد کا جائزہ لیتے وقت کالج ڈگریوں کے متبادل کے طور پر مساوی تجربے کو زیر غور لانا ممکن بنایا جائے۔

مزید برآں، ریاست نے 10 مراکز برائے سرکاری ملازمت بنائے ہیں، جو ملازمت کے متلاشی افراد کو سرکاری ملازمت کے نظاموں اور کریئر کے مواقع کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

گورنر نے ریاستی ملازمتوں میں بھرتی پر پابندی بھی ختم کی ہے اور عوامی افرادی قوت کی مزید حمایت کے لیے معذور افراد اور سابق فوجیوں کے لیے مواقع بڑھائے ہیں۔

محکمہ برائے سول سروس نے گزشتہ دو سالوں کے دوران کامیاب ملٹی میڈیا مہمات بھی چلائی ہیں جن میں ریاست نیو یارک کی خدمت عامہ کے شعبے میں موجود کریئر کے وسیع تر سلسلے کو فروغ دیا گیا ہے؛ مہم کے بارے میں اندازہ لگایا گیا تھا کہ یہ 18 سال اور اس سے زائد عمر کے 93 فیصد نیو یارک کے شہریوں تک پہنچی تھی۔ محکمے نے نیو یارک کے پہلے چیف ڈس ایبلٹی افسر کے ساتھ بھی شراکت داری کی ہے تاکہ ایسی مہم چلائی جا سکے جس میں نیو یارک کے معذور شہریوں کے لیے مواقع کو اجاگر کیا گیا ہو۔

ریاست نیو یارک کے لیے کام کرنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے اور ایک فائدہ مند کریئر شروع کرنے اور اسے آگے بڑھانے کے لیے اگلا قدم اٹھانے کا طریقہ جاننے کے لیے، براہ کرم محکمۂ سول سروس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور Facebook، X، Instagram اور LinkedIn پر محکمے کو فالو کریں۔

###